صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز سوموار مورخہ 13 جنوری 2014ء

(بمطابق 11 ربیع الاول 1435 ہجری)

جلد 9 شمارہ 5

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	137
2۔ رسمی کارروائی	138
3۔ نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات	146
4۔ قاعدہ کا معطل کیا جانا	184
5 ۔ قراردادیں	185
6۔ اراکین کی رخصت	187
7 - تحریک التواء	188
8۔ توجہ دلاؤ نوٹس ہا	192

9۔ مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا، وزراء کی تنخواہیں، مراعات واستحقاقات
مجریہ 2014 کا زیر غور لایا جانا 202
10۔ مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا، وزراء کی تنخواہیں، مراعات واستحقاقات
مجریہ 2014 کا پاس کیا جانا 203
11۔ مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا (خیبر پختونخوا پروموشن، پروٹیکشن اینڈ انفورسمنٹ
آف ہیومن رائٹس مجریہ 2014) 204
12 ۔ مسودہ قانون کا پاس کیا جانا (خیبر پختونخوا پروموشن، پروٹیکشن اینڈ انفورسمنٹ
آف ہیومن رائٹس مجریہ 2014) 204

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 13 جنوری 2014ء بمطابق 11 ربیع الاوّل 1435 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ۔

يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ○ هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ○ وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ○ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ۔

(ترجمہ): جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے سب خدا کی تسبیح کرتی ہے جو بادشاہ حقیقی پاک ذات زبردست حکمت والا ہے۔ وہی تو ہے جس نے ان پڑھوں میں ان ہی میں سے (محمد ﷺ) کو پیغمبر (بنا کر) بھیجا جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے اور ان کو پاک کرتے اور (خدا کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔ اور اس سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔ اور ان میں سے اور لوگوں کی طرف بھی (ان کو بھیجا ہے) جو ابھی ان (مسلمانوں سے) نہیں ملے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اور خدا بڑے فضل کا مالک ہے۔ وآخرُ دَعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ، جزاکم اللہ۔
جناب فضل الہی (پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات): جناب سپیکر!
جناب ڈپٹی سپیکر: جی فضل الہی خان۔

رسمی کارروائی

پارلیمانی سیکرٹری برائے ماحولیات: سپیکر صاحب، تهینک یو۔ جناب سپیکر صاحب، د نن نه دري ورځې مخکښې او پرون په جناب امیر مقام صاحب باندې چې کومه خودکش حمله شوې ده او هغه سره کوم ملګری شهیدان شوی دی، جناب میان مشتاق صاحب چې یو ډیر ښه کارکن وو د عوامی نیشنل پارټئ، په هغه باندې چې کومه حمله شوې ده او جناب! د هغې نه علاوه قاری جعفرصاحب چې د پاکستان تحریک انصاف کراچئ کښې د لوکل باډیز امیدوار وو او جناب سپیکرصاحب! د هغې نه علاوه مسعود بهټی صاحب، زه اپیل کوم چې د هغوی د پاره دعائے مغفرت وشی او مونږ چې کوم دے شدید الفاظ سره مذمت کوؤ، چې کوم د اسلام دشمنان دی، د دې ملک دشمنان دی او د دې خاورې دشمنان دی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب مفتی جانان صاحب سے گزارش ہے کہ وہ شہداء کے حق میں دعائے مغفرت کریں۔
جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب۔
جناب ڈپٹی سپیکر: پہلے دعا ہو جائے پھر اسکے بعد کر لیں، دعا ہو جائے۔
(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)
جناب ڈپٹی سپیکر: جی سید جعفر شاہ، پلیز۔

جناب جعفر شاہ: شکریه جناب سپیکر۔ دعا خو مونږ وکړه او دا کوم واقعات چې شوی دی، د دې مونږ پرزور مذمت هم کوؤ او مونږ هغه د دې خاورې او د دې وطن هغه شهیدانو ته خراج عقیدت پیش کوؤ چې د دې خاورې د تحفظ د پاره د خپل بچو د مستقبل د پاره هغوی شهادتونه ورکړل، قربانیانې ئے ورکړې، الله دې ورته په جنتونو کښې ښه مقام نصیب کړی۔ جناب والا، داسې ده چې حالات

دي حد ته رااورسيدل چې زما خيال دے په دې يوه هفته کښې پرله پسې لګيا دی روزانه دا واقعات کيږی۔ په دې باندې چيف منسټر صاحب هم ناست دے، دلته تشريف ايښودے دے په هاؤس کښې، زما د حکومت نه، د مرکزی حکومت نه او صوبائی حکومت نه دا پرزور مطالبه ده چې جی دا لاشونه اوچتول نن مونږ په دې خبره باندې يقيناً چې ستړی شو، ټول سياسی قوتونو د پاکستان مينډيټ ورکړے دے، حکومت ته ئے مينډيټ ورکړے دےچې هغوی که په مذاکراتو او که په هره طريقه باندې وی چې دا مسئله حل کړی، نور مونږ د دې متحمل کيدے دا قوم نشی۔ صوبائی حکومت د خپل Role اولوبوی په ديکښې، هغه د مرکزی حکومت سره رابطه وکړی او که نشی نو خپله باندې دې که په خبرو اترو، که په هره طريقه باندې وی چې په دې خطه کښې د امن و امان د پاره خپل کردار اولوبوی۔ جناب والا! بهته خوری، ټارګټ کلنګ، بم بلاسټنګ دا دې حد ته راغلی دی جی چې د جنازې ټائم هغوی بيګاه يوولس بجې د مياں مشتاق صاحب ايښودے وو او بيا ئے ټائم د دې وجې نه بدل کړو چې په ديکښې څه پيښه ونشی۔ ټهيک په ګياره بجې باندې هلته دهماکه وشوه، ښه وه چې هغه ټائم بدل شوے ووګنې چې هغه نقصانونه به کوم حد ته رسيدلی وو، نو زما به دا مطالبه وی چې نن وخت دې حکومت، د لاء اينډ آرډر او د دې ملک د باشندګانو د تحفظ ذمه واری د حکومت وقت ده چې هغه دې قوم له نور تحفظ ورکړی او کوم مينډيټ چې مونږ ورکړے دے که په مذاکراتو ئے کوی او که هره طريقه ئے کوی خو دلته مونږ ته امن پکار دے په دې خطه کښې، مونږ دا نور برداشت کولې نشو۔ جناب والا! زه يوه خبره بله کوم د فضل الهیٰ خان هيره شوه۔ پيښور ښار کښې د نن نه يوه ورځ مخکښې يو ډير لوئې نقصان شوے دے او 120 دکانونه سوزيدلی دی، په هغې کښې هم دوه تنه په حق رسيدلی دی، دريِ تنه۔۔۔۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: ورونه دی۔

<u>جناب جعفر شاہ</u>: هغوی ورونه دی د يو خاندان او هغوی چې کوم Early estimates دی نو په هغې کښې د اتيا کروړو روپو د غريبانو خلقو چې هغوی کباړ خرڅولو، د هغوی نقصانات شوی دی نو زما به د حکومت نه دا مطالبه وی چې د هغوی په

حالات باندې هم رحم وکړی او هغوی ته څه Compensation او څه معاوضه ورکړی۔ ډیره مهربانی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب! جو یہ ٹارگٹ کلنگ اور جو بھتہ خوری اور جس قسم کے واقعات ہمارے کے پی کے میں اور پورے ملک میں ہو رہے ہیں لیکن اس کیلئے سر، ہم لوگ اب اس میں یوں سمجھ رہے ہیں کہ ہم لاشیں اٹھاتے اٹھاتے تھک گئے ہیں اور ابھی ہم نے اور کتنی لاشیں دینی ہیں؟یہاں پر بیٹھے ہوئے ہر شخص کو Threat ہے، ہمارے معصوم لوگوں کو دھمکیاں مل رہی ہیں، ہمارے لوگ جو ہیں، وہ شہید ہو رہے ہیں، کسی کو بھتہ خوری کے ذریعے بلیک میل کیا جارہا ہے، کوئی کاروبار نہیں کر سکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کی وساطت سے سی ایم صاحب سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ سی ایم صاحب! جب بھی ہم لوگ بات کرتے ہیں تو آپ لوگ کہتے ہیں کہ یہ چونکہ ہم تمام لوگوں نے اور تمام پارٹیوں نے مینڈیٹ دیا ہوا ہے مرکزی گورنمنٹ کو، تو آپ لوگ یہی بات کرتے ہیں کہ چونکہ یہ مرکز کا معاملہ ہے تو خدا کیلئے یا تو مرکز سے آپ پوچھیں کہ انہوں نے اس میں کیا پیش رفت کی ہے؟آخر آٹھ مہینے ہو گئے ہیں اور آٹھ مہینے میں ایک جو مردار ہو جاتا ہے، حکیم اللہ محسود صاحب، تو اس کو شہید بنا دیتے ہیں اور پھر اسکے بعد کہتے ہیں کہ جی مذاکرات جو ہیں، تو وہ ختم ہو گئے ہیں اور یہ ہو گیا ہے، وہ ہو گیا ہے۔ سر، ایک بندے کے مر جانے سے مذاکرات کا راستہ رکتا نہیں ہے، آج ہمارے صوبے میں جگہ جگہ لاشیں بکھری ہوئی ہیں، آج جگہ جگہ وہ ماتم ہو رہے ہیں، آج جگہ جگہ پہ ہم لوگوں کی اس چیز پہ ایک دوسرے کے ساتھ تلخ کلامی ہماری ہو رہی ہے کیونکہ میرا Point of view کچھ اور ہو گا، دوسری پارٹی کا کچھ اور ہو گا، تیسری پارٹی کا کچھ اور ہو گا لیکن اس بات پہ ہم سب متفق ہیں کہ دہشت گردی اب ہمارے لئے وبال جان بنتی چلی جارہی ہے جس میں کہ کوئی شہری بھی محفوظ نہیں ہے، فورسز محفوظ نہیں ہیں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے سی ایم صاحب سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ فیڈرل گورنمنٹ سے پوچھیں اور ان سے ایک ڈیڈ لائن لیں کہ کن کن سے مذاکرات ہو رہے ہیں؟ کیونکہ ابھی تو ہمیں اور فکر یہ ہو گئی ہے کہ کل رات کو میں ایک Statement پڑھ رہی تھی چودھری نثار صاحب کی اور وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ مذاکرات ابھی جو ہے تو وہ مشکل ہو رہے ہیں، مذاکرات بھی مشکل ہو رہے ہیں اور آپریشن کرنا بھی مشکل ہو رہا ہے تو سر، ہم کس سمت جائیں گے؟ اس سوال کا جواب جو ہے

چونکہ ہم یعنی اس لیول پہ نہیں بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہم چودھری نثار صاحب سے بات کریں، ہم پرائم منسٹر صاحب سے بات کریں، ہم کسی اور پارٹی سے بات کریں، ہمارا تو یہی فورم ہے کہ جس کے قائد ایوان سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، تو میں آپ کی وساطت سے ان سے یہ درخواست کرتی ہوں کہ آپ نہ پوچھیں ہم سے، ہمیں اس کا حصہ نہ بنائیں، کریڈیٹ آپ خود ہی لے لیں لیکن خدا کیلئے پرائم منسٹر سے پوچھیں کہ مذاکرات اگر کرنے ہیں تو خدا کیلئے اس میں جلدی کریں اور اگر نہیں کرنے ہیں تو پھر ایک دم آپریشن کریں۔ آپریشن میں تمام قوم آپ کے ساتھ کھڑی ہے، تمام پاکستان کے لوگ آپ کے ساتھ کھڑے ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ Talks کیلئے آپ لوگوں کے پاس یعنی ایک ایسا جواز موجود ہے کہ اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ہتھیار نہیں پھینکتے ہیں، اگر وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم آپ کا آئین نہیں مانتے ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب! ہم پورے ٹرائبل ایریا کے ملکوں کو، پورے ٹرائبل ایریا کے خانوں کو، خوانین کو یہ تو کہہ سکتے ہیں نا کہ یہاں پہ جو لوگ بارڈر Cross کرکے، ازبک آئے ہوئے ہیں، دوسرے آئے ہوئے ہیں، انکو باہر نکالو اور ہم اپنے لوگوں کو جو کہ ہمارے ٹرائبل کے لوگ ہیں، ہم ان سے مذاکرات کرنے کیلئے تیار ہیں تو یہ میری آپ کے توسط سے سی ایم صاحب سے درخواست ہوگی کہ خدا کیلئے آپ مذاکرات کو آگے بڑھائیں اور فیڈرل گورنمنٹ سے ایک ٹائم فریم لیکر ہمیں دیں۔ شکریہ جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو جی۔ میں سب سے پہلے مولانا اسد اللہ صاحب، سابق ایم این اے جو اس وقت گیلری میں تشریف فرما ہیں اور اسکے علاوہ فرنٹیئر لاء کالج کے طلبا اور طالبات بھی ہمارے ساتھ اس گیلری میں موجود ہیں، میں ان سب کو اپنی طرف سے اور پوری اسمبلی کی جانب سے خوش آمدید کہتا ہوں۔ (تالیاں) میں ان شاء اللہ ہر ایک کو اپنا وقت دونگا، صرف ایک ریکویسٹ ہے کہ یہ کوئسچنز آور ایک آور، ایک گھنٹہ ہے اور دس پندرہ منٹ ہم سے گزر گئے ہیں، یہ کوئسچنز آور ہونے کے بعد ان شاء اللہ، پچھلی دفعہ بھی مفتی صاحب ناراض ہوگئے تھے، اسی لئے میں کہتا ہوں کہ میں کوئسچنز آور کو، پہلے ایجنڈے پہ آتے، اسکے بعد بیشک ہر ایک کو چانس دیں گے۔ (قطع کلامیاں) یہ پھر معاملہ وہی ہوگا۔ ایجنڈے پہ آتے ہیں جی، میڈم! آپ کو بھی ٹائم دیتا ہوں، پلیز۔۔۔۔

<u>جناب سکندر حیات خان</u>: جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب، آپ نے ان معزز اراکین کو کوئسچنز آور میں بولنے کا موقع دیا ہے اور جناب آپ نے انکو ٹائم دیا ہے تو جناب سپیکر صاحب! یہ رولز کی Violation ہو رہی ہے۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سکندر صاحب! رولز، رولز۔۔۔۔

(شوراور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: زما د طرف نه اجازت دے جی، ان شاء اللہ د رولز Violation به نه کوؤ جی، یوه گهنټه ده چې دا کوئسچنز آور وشی۔ محترمه انیسه زیب، پلیز۔ جی بولیں محترمہ انیسہ زیب صاحبہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ، جناب سپیکر۔ بنیادی طور پہ جو Relevance، آپ نے پہلے ٹائم دیا، آپ کا بہت شکریہ اور مجھے پتہ ہے اس بات کا کہ کوئسچنز آور بہت Mandatory ہے، ٹائم پہ ہونا چاہیئے، یا تو ہم آغاز نہ کریں اور بعد میں 'زیرو آور' رکھ کے تمام کارروائی کریں لیکن جب آپ نے ایک Allow کر دیا تو ہم بھی اپنی طرف سے، اپنی پارٹی کی طرف سے، جو امیر مقام صاحب پہ واقعہ ہوا ہے، اس پر افسوس کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ ہم میاں مشتاق صاحب پہ جو کل ہوا ہے اور آج پھر ایک Attempt ہوئی ان کے جنازے کے ٹائم میں کہ اگر (ٹائم) Change نہ ہوتا تو وہ جنازے کے اوپر بھی انہوں نے ایک Attempt کی ہوتی۔ بہت ہی گھناؤنی بات ہے اور ہماری خواہش ہے کہ اس ملک میں اور خاص طور پر ہمارے صوبے میں امن قائم ہو۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ جو وزیر اعلیٰ صاحب نے آج اپنے بیان میں کہا کہ اسکی وہ، وہ ڈھونڈیں گے ان لوگوں کو ان شاءاللہ وتعالیٰ اور قرار واقعی سزا دینگے، I hope کہ یہ ایسا ہو جائے، ہمیں بڑی خوشی ہوگی اور ہم چاہتے ہیں کہ ایسا ہو لیکن یہ جتنے بھی واقعات پہلے گزرے ہیں، وہ سب کی ایک مذمتی قرارداد دیکر ہم شاید سمجھتے ہیں ہم نے اپنا حق ادا کر دیا ہے، اس کیلئے جس طرح میری بہن نے بھی کہا اور پھر جعفر شاہ صاحب نے بھی اس پہ بات کی، ہم چاہتے ہیں کہ اس مسئلے کا کوئی حل نکالیں۔ ٹھیک ہے مرکز کی Domain ہے، مرکز کے حوالے ہے لیکن وہ تو پھر اور بھی بہت سی Domains ہیں جو مرکز کی ہیں لیکن صوبے نے ان پر Encroach کیا ہوا ہے تو اس کیلئے بھی اب مجھے امید ہے کہ لیڈر آف دی ہاؤس کوئی نہ کوئی ایسا راستہ نکالیں گے جس پر چل کر ہم Shortest possible cut میں ہماری سپورٹ انکے ساتھ ہوگی، ہماری پارٹی کی طرف سے لیکن اسکا کوئی ٹھوس اور جامع حل نکالنے کیلئے صوبہ اپنا عملی اقدام کرے اور میں سر، جاتے جاتے اپنے Alma mater فرنٹیئر لاء کالج کے جو پروفیسر، پرنسپل اختر نائی صاحب اور ان کے ساتھ سٹوڈنٹس کا ایک Delegation آیا ہے، میں انکو ویلکم

کرنا چاہتی ہوں اور فرنٹیئر لاء کالج کے یہ جو سٹوڈنٹس ہیں، کل ان شاء اللہ تعالیٰ اس صوبے میں اور ملک بھر میں اور شاید دنیا بھر میں جو جوڈیشری ہے اور Judicial norms ہیں، انکو Uphold کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے، I wish them goodluck and welcome to the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب، کوئسچن نمبر 229 جناب زرین گل ایم پی اے۔۔۔۔۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچنز آور چونکہ شروع ہوگیا ہے لیکن سی ایم صاحب کی ریکویسٹ ہے تو ایک دو منٹ کیلئے بات کر لیں کیونکہ کوئسچنز آور پھر ختم ہوتا ہے۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب!

وزیر اعلیٰ: جناب سپیکر! میرے خیال میں ہم اس بات کو سمیٹ سکتے ہیں، ہم مل کر اگر متفقہ قرارداد لانے کو ہم تیار ہیں کہ ہم اس پر قرارداد مذمت یا جو بھی اپوزیشن اور گورنمنٹ بیٹھ جائیں اور ایک قرارداد لے آئیں، میں آپ کے ساتھ سپورٹ کرونگا۔ (تالیاں) دوسری بات، ہماری بہن نے بات کی ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ ہمیں بریف کرے، میں تو خود چار مہینے سے پرائم منسٹر سے ٹائم لے رہا ہوں ملاقات کا، ملاقات نہیں کر رہے ہیں، تو میرے خیال میں اگر ہم متفقہ اس ہاؤس سے ایک قرارداد پاس کرالیں کہ Interior Minister آئیں اور ہمیں بریف کریں کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟ یہاں پر لاشیں گر رہی ہیں، امن وامان تباہ ہے، ہم ان کے سہارے بیٹھے ہوئے ہیں، اے پی سی میں اختیارات، یہ جتنی بیٹھی پارٹیاں ہیں، سب نے اختیارات دیئے ہیں وفاقی حکومت کو کہ آپ نے بات کرنی ہے یا جو بھی کرنا ہے، انکو مکمل اختیارات ہیں۔ میرے خیال میں متفقہ اگر ایک قرارداد الگ لے آئیں کہ Interior Minister آ کے ہمیں بریف کریں کہ وہ کیا کر رہے ہیں؟ ہم اسی طرح بیٹھے رہیں گے، لاشیں اٹھاتے رہیں گے تو میں اس بات پر بھی چاہتا ہوں کہ اگر آپ مجھے اس میں سپورٹ کرتے ہیں تو ان سے ہم مطلب وہ قرارداد منظور کرالیں گے۔ تھینک یو۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب زرین گل، ایم پی اے، کوئسچن نمبر 229۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچنز آور ختم ہو جائے، میں آپ کو جتنا آپ بول سکتے ہیں، میں آپکو ٹائم دیتا ہوں، صرف ایک۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! صرف دو منٹ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب! پھر وہی بات ہے کہ پھر یہ ناراض بھی ہوتے ہیں جناب اورنگزیب خان نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ہمارے صوبے کے مسائل، پلیز آپ تھوڑا بات کرنے کا موقع دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی، سردار صاحب! آپکے دو منٹ، آخری آپکو ٹائم دیتا ہوں، پھر اسکے بعد، کوئسچنز آور کے بعد شاہ حسین صاحب، آپ پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارا صوبہ ایک عرصے سے آگ کی لپیٹ میں ہے، اس سے پہلے پچھلے پانچ سال مفتی کفایت اللہ صاحب جب بھی کوئی واقعہ ہوتا تھا تو وہ دعا اسمبلی کے اندر کرتے تھے، اب مفتی سید جانان صاحب وہ حق ادا کر رہے ہیں، کب تک یہ ہم کرتے رہیں گے ؟ ایک نہ ایک دن یقیناً یہ آگ جو ہے، اسکی لپیٹ میں ہم سب نے آنا ہے۔ میں سی ایم صاحب کو یقین دلاتا ہوں کہ پی ایم ایل این، آپ جو بھی دہشت گردی کے خلاف اس صوبے کے اندر قدم اٹھائیں گے، ہم آپکے پیش پیش رہیں گے اور بھرپور آپکا ساتھ دیں گے۔ میں جناب وزیر اعظم کے مشیر امیر مقام صاحب کے اوپر اور اس دن عوامی نیشنل پارٹی کے کچھ لوگ اس میں شہید ہوئے اور خصوصی طور پر میں اعتزاز حسن جو کوہاٹ کے ایک سکول کا طالب علم تھا، ہنگو سکول کا طالب علم تھا لیکن اس نے جو قربانی دی ہے، اپنے ساتھیوں کو، سکول کے طالب علموں کو بچانے کیلئے، اس کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور ان بزدل دہشتگردوں کی زبردست الفاظ میں مذمت کرتا ہوں اور میں وزیر اعلیٰ صاحب اور وزیر اعظم صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس نوجوان کی اور پورے صوبے کے سٹوڈنٹس اور لوگوں کی حوصلہ افزائی کیلئے اسکی مدد بھی کی جائے اور انکو بہترین، بہترین اعزازات سے بھی نوازا جائے اور میں سپیکر صاحب! وزیر اعلیٰ سے یہ درخواست کرتا ہوں اور ساتھ میں انکا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس دن یہ ایبٹ آباد میں گئے ہیں، میں نے اخبار میں خبر پڑھی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ میرے لئے کوئی پروٹوکول نہ مہیا کیا جائے اور راستے میں بالکل روڈز بلاک نہیں کئے جائیں، میں وزیر اعلیٰ صاحب کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ جناب، جب بھی کوئی بڑا واقعہ اس صوبے کے اندر ہوا ہے تو ہماری پولیس کے جتنے موبائلز ہیں وہ وی آئی پی موومنٹ کیلئے

مامور تھیں اور جب کوئی واقعہ ہوا تو وہ ٹائم پر وہاں نہیں پہنچ سکیں، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں، آپ اس صوبے کے اندر اعلان کریں، اگر آپ پروٹوکول نہیں لیتے ہیں تو کسی صوبائی یا وفاقی وزیر کیلئے پروٹوکول Allow نہ ہو بلکہ تمام پولیس فورسز اپنی اپنی ڈیوٹی کے اوپر مامور ہوں اور اپنے فرائض انجام دیں۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب! جتنی پولیس کی نفری ہے اور موبائلز ہیں وہ ایک منسٹر کے آگے گاڑی ہوتی ہے، ایک منسٹر کے پیچھے گاڑی ہوتی ہے، ادھر چوریاں اور ڈاکے ہو رہے ہوتے ہیں، ادھر دہشت گردی ہو رہی ہوتی ہے، تو آپ آج ہی، آج ہی اعلان کریں، ابھی ہزارہ ڈویژن کے اندر پولیس کی ویسے بھی نفری کم ہے، میں یہ نہیں کہتا کہ صوبائی بلکہ وفاقی وزراء کا پروٹوکول بھی واپس لیا جائے اور ہمیں جو آپ نے ایک ایک گارڈ دیا ہوا ہے یا جس کو زیادہ خطرہ ہے، اس کو آپ پانچ گارڈز دیں لیکن گاڑی کا وہ اپنا بندوبست کریں، وہ پولیس کی گاڑی یا پولیس کی موبائل استعمال نہ کریں۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ سردار صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا</u>: میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کیلئے فوری ایکشن لیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو، سردار صاحب۔ جی محترم وزیر اعلیٰ صاحب، جی۔

<u>وزیر اعلیٰ</u>: میں نلوٹھا صاحب کی دونوں باتوں کو سپورٹ کرتا ہوں۔ میں کل پرسوں ایبٹ آباد گیا، وہاں میں نے دیکھا کہ سڑکیں بند تھیں، مجھے بہت شرمندگی ہوئی کیونکہ میں Already ان سب کو بتا چکا ہوں کہ مجھے نہ پروٹوکول کی ضرورت ہے، نہ سڑکیں بند کرنے کی ضرورت ہے، تو اس اسمبلی فلور سے میں کہتا ہوں کہ اگر میں پروٹوکول نہیں لیتا تو کسی کو بھی پروٹوکول نہیں ملنا چاہیئے۔ ابھی بھی میں جب آتا ہوں، آج میں اسمبلی آ رہا تھا، پھر انہوں نے سڑک روکی ہوئی تھی، مجھے خود پھر شرمندگی ہوئی کہ یہ کیوں کرتے ہیں؟ جب میں واضح الفاظ میں کہہ چکا ہوں کہ میرے لئے نہ سڑک بند کرو، نہ چوک بند کرو، نہ مجھے پولیس کی ضرورت ہے، کل بھی میں گاؤں گیا ہوں، میرے پاس اپنی جو دو تین گاڑیاں ہیں، اس کے ساتھ گیا ہوں، کسی کو اطلاع بھی نہیں دی، تو میرے خیال میں یہاں جو Concerned authorities ہیں، یہاں سے میں ان کو ڈائریکشنز دیتا ہوں کہ کوئی روڈ میرے لئے کسی کیلئے بلاک نہ کیا جائے۔ ججز کو جتنا وہ چاہیئے، پروٹوکول، وہ ضرور ملے لیکن اس صوبے میں جتنے سیاسی لوگ ہیں یا سرکاری افسر ہیں، کسی کو بھی پروٹوکول نہیں دیا جائے گا، نہ کسی کیلئے سڑک بند کی جائے، یہ واضح احکامات ہیں۔ (تالیاں)

دوسری بات، جو بہادری ہمارے اعتزاز نے وہاں پہ ہنگو میں کی ہے اور چونکہ مجھے ہمارے لیڈر عمران خان

نے بھی Criticize کیا، میں مانتا ہوں مجھ سے غلطی ہوئی، چونکہ میرے عزیزوں میں شادی تھی، میں Committed تھا ایبٹ آباد میں، وہاں نہیں جا سکا، آج ہمارے ایڈوائزر دو تین یہ گئے ہیں وہاں پر، تو ان کیلئے وہاں پر انہوں نے اعلان کیا کہ ایک تو شہداء پیکج میں اس کو اپنا جو حصہ ہے وہ ملے گا، ساتھ ساتھ پچاس لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے اور (تالیاں) وہ جو وہاں پر سکول ہے، اس کا نام بھی اس کے نام سے ہو جائے گا اور ساتھ ایک پلے گراؤنڈ کا بھی وہاں پر اعلان کیا ہے اور ساتھ ہم اس کا نام Recommend کریں گے، ستارہ جرآت کیلئے اس کا نام Recommend کریں گے۔

(تالیاں)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: چونکہ جناب زرین گل صاحب آج موجود نہیں ہیں، اسلئے کوئسچن نمبر 229, 230, 768, اور 769، ان کو پینڈنگ کر دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جی میں گزارش کرتا ہوں ریاض خان صاحب کو، کوئسچن نمبر 315، کوئسچن نمبر 315 ۔

* 315 _ ملک ریاض خان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ تین سال سے تاحال بنوں سٹی ٹاؤن ٹو میں کتنی الاٹمنٹ ہوئی ہے؟ الاٹمنٹ کے طریقہ کار کی تفصیل اور محل وقوع بمعہ رقبہ کی معلومات فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): (الف) گزشتہ تین سالوں میں کوئی نئی الاٹمنٹ نہیں ہوئی ہے، البتہ 17 عدد پرانی الاٹمنٹس بحال ہوئی ہیں اور یہ بحالی الاٹمنٹس تحصیل کونسل اجلاس منعقدہ مورخہ 22/6/2009 قرارداد نمبر 8 جو کہ بذریعہ لیٹر نمبر 2717-2665 مورخہ 27/06/2009 کو Circulate ہوئی اور باقاعدہ تحصیل ناظم نے بذریعہ لیٹر نمبر 60-6856 مورخہ 27/06/2009 حکم جاری کیا۔ مگر اس وقت کے TMO نے یہ کیس باقاعدہ صوبائی حکومت کو بذریعہ لیٹر نمبر 1220 مورخہ 15/10/2010 کو بھیجا جس کی صوبائی حکومت نے باضابطہ طور پر بذریعہ لیٹر نمبر AOII/LCB/9-10/2012 مورخہ 19/10/2012 کو منظوری دی۔ رقبہ اور محل وقوع تحصیل ناظم کے حکم اور قرارداد میں نمایاں ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کر دی گئی)۔

ملک ریاض خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اس جواب سے میں مطمئن نہیں ہوں، Basically یہ 88 دکانات الاٹ ہوئی ہیں اور ایک ایک دکان پچاس پچاس لاکھ پر بکی گئی ہے، ایک لوٹ مار ہوئی ہے،

وہاں کروڑوں روپے کی سرکاری جائیداد اس حکومت کی الاٹمنٹ نہیں Show کی ہے، پچھلی حکومت کی الاٹمنٹ Show کی ہے، وہ بھی بوگس طریقے سے۔ میری یہ Suggestion ہے کہ یہ سلیکٹ کمیٹی کو یا منسٹر صاحب کوئی اگر مجھے اطمینان دے سکیں تاکہ اسکی بنیادی انکوائری ہو جائے کہ الاٹمنٹ کس طرح ہوئی ہے اور یہ ہیرا پھیری کس طرح؟ میں ثابت کرونگا کہ آپ دیکھیں اس میں انہوں نے جواب دیا ہے، ایک بندے کو 770 فٹ الاٹ کیا ہے، ایک بندے کو 450 فٹ، یہ نہیں Show کیا ہے کہ کہاں اسکو پہلے الاٹ ہوا تھا، کیا ہوا تھا؟ یہ ہیرا پھیری ہوئی ہے اور اسکی میں تحقیقات چاہتا ہوں یا سلیکٹ کمیٹی کے ذریعے یا منسٹر صاحب مجھے کسی اور طرح سے بریف دے سکیں تو میں اس پہ مطمئن ہوں لیکن یہ ہماری جائیداد ہے ہمارے صوبے کی، اس کو۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: منسٹر عنایت اللہ خان، پلیز۔

<u>وزیر بلدیات ودیہی ترقی</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، میں نے ان سے وقفے میں بات بھی کی ہے اور میں ان سے Agree کرتا ہوں، اگر انکو اس سوال کے جواب پہ اطمینان نہیں ہے تو میں چاہونگا کہ ڈیپارٹمنٹ کی ایک سپیشل کمیٹی بنے، میں اسکو Constitute کرونگا اور اسکے Through انکوائری کرینگے اور ان سے Input بھی لیا جائیگا، انکو Involve بھی کیا جائیگا اس انکوائری کے اندر۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی ملک ریاض صاحب، پلیز۔

<u>ملک ریاض خان</u>: منسٹر کی اس تجویز کی تائید کرتا ہوں اور یہ ہونی چاہیئے اور انکوائری کا ٹائم اور یہ وقت، یہ نہ ہو کہ لمبی چوڑی بن جائے، اسکی ٹائمنگ کا کچھ فریم دیا جائے، ٹائم فریم دیا جائے۔ مہربانی۔

<u>وزیر بلدیات ودیہی ترقی</u>: جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مسٹر عنایت اللہ صاحب۔

<u>وزیر بلدیات ودیہی ترقی</u>: انکو Inform کریں گے، انکو ہم Update رکھیں گے، ان شاء اللہ ان کے ساتھ رابطہ میں رہیں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شکریہ جناب۔ مفتی سید جانان، کوئسچن نمبر 351، پلیز۔

* 351 _ <u>مفتی سید جانان</u>: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ تین سالوں کے دوران دیگر اضلاع کی طرح ضلع ہنگو میں بھی مختلف گریڈ کی آسامیوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ضلع میں بھرتی کئے گئے افراد کس کی سفارش پر بھرتی کئے گئے ہیں، نیز بھرتی شدہ افراد کے نام، ڈومیسائل، تعلیمی قابلیت اور اخباری اشتہارات کی کاپیاں فراہم کی جائیں؟

<u>جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات و دیہی ترقی):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) میونسپل کمیٹی ہنگو میں مندرجہ ذیل بھرتیاں کی گئی ہیں:

نمبر شمار	نام	پوسٹ	سکیل	ڈومیسائل	تعلیم	اخباری اشتہار
1	روشن علی	ورکس کلرک	05	ہنگو	ایف اے	ایضاً
2	عمر صدیق	سینٹری ورکر	01	ہنگو	ناخواندہ	ایضاً
3	فقیر خان	سینٹری ورکر	01	ہنگو	ناخواندہ	ایضاً
4	ذوالفقار علی	چوکیدار ٹیوب ویل	01	ہنگو	میٹرک	ایضاً
5	حکمان گل	نائب قاصد	01	ہنگو	ناخواندہ	ایضاً

ضلع کونسل ٹل میں درج ذیل بھرتیاں کی گئی ہیں:

نمبر شمار	نام	پوسٹ	ڈومیسائل	تعلیمی قابلیت	اخباری اشتہار
1	مطیع اللہ خان	کیشیر	ہنگو	ایم اے	ایضاً
2	جاوید میانداد خان	ڈسپیچ کلرک	ایضاً	میٹرک	ایضاً
3	محمد کاشف منور	اے او سی	ایضاً	ایف اے	ایضاً
4	نعیم خان	کمپوٹر آپریٹر	ایضاً	میٹرک	ایضاً
5	فواد اللہ	کورٹ کلرک	ایضاً	ایف اے	ایضاً
6	کامران ظہیر	سینٹری انسپکٹر	ایضاً	میٹرک	ایضاً
7	نعیم گل	فائر برگیڈ انچارج	ایضاً	ایف اے	ایضاً
8	گل حلیم	فائر برگیڈ ڈرائیور	ایضاً	میٹرک	ایضاً
9	شاہد نور	لائٹ انسپکٹر	ایضاً	ایف اے	ایضاً
10	دانش نور	ورک منشی	ایضاً	ڈپلومہ انجینئر	ایضاً
11	وحید الرحمان	سینٹری ورکر	ایضاً	۔	ایضاً
12	شندار خان	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
13	خالد خان	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً

14	فرید خان	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
15	ظہراللہ	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
16	عمرحیات	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
17	محمدانور	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
18	ارشاداحمد	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
19	ظفراقبال	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
20	احسان الدین	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
21	اشفاق نور	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
22	سعیداللہ	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
23	خلیل الرحمان	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
24	نیک محمد	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
25	ممتاز خان	سویپر	ایضاً	۔	ایضاً
26	زاہد خان	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
27	اعجاز مسیح(ا)	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
28	اعجاز مسیح(۲)	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
29	رفاقت مسیح	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
30	بابر مسیح	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
31	بوٹا مسیح	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً
32	ساجد خان	نائب قاصد	ایضاً	۔	ایضاً
33	عدنان ظہیر	فائر مین	ایضاً	۔	ایضاً
34	شاہ ولی خان	الیکٹریشن	ایضاً	۔	ایضاً
35	یاورزمان	پارک چوکیدار	ایضاً	۔	ایضاً
36	نظام الدین	پارک مالی	ایضاً	۔	ایضاً
37	روٗف گل	چوکیدار	ایضاً	۔	ایضاً
38	عبدالستار	ایضاً	ایضاً	۔	ایضاً

39	فرمان خان	ایضاً	ایضاً	-	ایضاً
40	طاہر اعظم	ایضاً	ایضاً	-	ایضاً
41	شوکت اللہ	آفس سوپیر	ایضاً	-	ایضاً

جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ دیہی ترقی ضلع ہنگو میں مندرجہ ذیل بھرتیاں کی گئی ہیں:

نمبر	نام	پے سکیل	ڈومیسائل	تعلیم قابلیت
1	تجمل حسین ولد محمد علی	04	ہنگو	مڈل
2	محمد عمران ولد کستیر خان	01	ہنگو	مڈل
3	محمد مزمل ولد جانی خیل	01	ہنگو	ایف اے

علاوہ ازیں، ایک اسسٹنٹ اور KPO/Computer Operator صوبائی حکومت نے بھرتی کرکے ہنگو میں تعینات کئے ہیں۔

مفتی سید جانان: صحیح ده جی۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ما دا غوښتنې دی، اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ ضلع میں بھرتی کئے گئے افراد کس کی سفارش پر بھرتی کئے گئے؟ یو، نیز بھرتی شدہ افراد کے نام، دوه، ڈومیسائل تین، تعلیمی قابلیت چار، اور اخباری اشتہارات کی کاپیاں۔ جناب سپیکر صاحب، ما ته دوئ نومونه رالېږلی دی چې دا دا کسان دی، د هغوی تعلیمی قابلیت ئې رالېږلے دے خو دیکښې جناب سپیکر صاحب، چې کوم شے ما غوښتے دے، دیکښې داسې شوی دی چې بغیر قانونی تقاضې پوره کولو دا بهرتئ شوې دی، د دې وجې نه هغوی دا اخباری اشتهارات چې کوم اشتهار هغوی چهاپ کړے دے، هغه اشتهار ئے نه دے ښودلے، زما به منسټر صاحب ته دا گزارش وی چې دا د کمیټئ ته واستولے شی او د دې د تحقیق وکړلے شی چې آئنده د پاره مطلب دا دے داسې غیر قانونی کار څوک ونکړی او د غیر قانونی کار سدباب د وشی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: منسٹر عنایت اللہ خان، پلیز۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: ویسے سر، یہ جواب اور اشتہارات تو ساتھ لف ہیں، وہ اگر مفتی صاحب دیکھنا چاہیں گے تو ایڈورٹائزمنٹس دیئے گئے ہیں۔ اب یہ بات کہ کس کی سفارش پر بھرتی ہوئے ہیں؟ تو ظاہر ہے

یہ Elected representative رہے ہیں، انکو اندازہ ہے کہ جب منتخب ادوار کے اندر منسٹرز اور ایم پی ایز کی سفارش پہ بھرتیاں ہوتی ہیں تو اس کیلئے لکھ کر چیزیں نہیں دی جاتی ہیں، ظاہر ہے اس وقت کی حکومت کے منتخب نمائندوں کی یا اس وقت کی حکومت کے دوسرے اہلکاران کی سفارش پر ہوگئی ہونگی اسلئے اب انہوں نے یہ ڈیٹیلز تو نہیں دی ہوئی ہیں لیکن اگر مفتی صاحب مطمئن نہیں ہیں تو مجھے اس پہ کوئی اعتراض نہیں ہے، اسلئے چونکہ سٹینڈنگ کمیٹیز ابھی بنی نہیں ہیں تو ڈیپارٹمنٹل کمیٹی بھی، مطلب اسکی انکوائری کی جا سکتی ہے۔ اس میں درمیان میں ایک ہی یہی ایک نکتہ رہ گیا ہے باقی جو اشتہارات، ایڈورٹائزمنٹس ہیں، وہ سارے جواب کے ساتھ لف ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مفتی صاحب، جناب۔

مفتی سید جانان: ہمیں جو ایجنڈا ملا ہے، اس کے ساتھ تو نہیں۔ یہ صرف دو کاپیاں ہیں کاپی نمبر 1 اور کاپی نمبر 2، اس میں تو کوئی اشتہار وغیرہ نہیں، اگر منسٹر صاحب کے پاس ہے تو ہمیں بتادیں کہ ہمارے پاس ہے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: اس فائل میں ہے، اسی فائل میں موجود ہیں۔

مفتی سید جانان: سر! سر، زمونږ فائل کښې خو نشته دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اشتہارات میرے پاس بھی موجود نہیں ہیں، میرے خیال میں بہتر یہی ہے کہ اسکو سٹینڈنگ کمیٹی کے پاس بھیج دیں۔

(تالیاں)

مفتی سید جانان: مونږ سره خو نشته دے، زما په دیکښې نشته دے۔

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: اشتہارات میرے اس فائل کے اندر موجود ہیں آپکو، مفتی صاحب کو کاپیاں فراہم کریں گے لیکن اگر اسکے باوجود مفتی صاحب مطمئن نہیں ہیں تو مجھے اس میں کوئی مطلب وہ نہیں ہے، اس میں انکوائری کرنے کی، اس کو Investigate کرنے کی، سپیشل کمیٹی کے حوالے کرنے کی، مجھے اس پہ کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: زه دا وایم، یہ کوئی میرے خیال میں گاؤں کا جرگہ نہیں ہے کہ ہم ایک دوسرے کو اسی طریقے پہ مطمئن کرلیں، مناسب تو یہ تھا کہ اگر منسٹر صاحب کے پاس اخباری تراشے ہیں تو وہ مجھے دے

دیتے۔ مجھے جو سوال کا جواب ملا ہے، وہ صرف دو ورق ہیں، ایک ورق اور دوسری ورق، باقی کوئی نہیں ہے، میرے خیال میں اگر کمیٹی میں جائے تو بہتر رہے گا، میری گزارش ہے منسٹر صاحب سے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عنایت صاحب۔

وزیر بلدیات ودیہی ترقی: اگر معاملہ صرف اشتہارات کا ہو، ڈیپارٹمنٹ نے یہ غلطی کی ہے کہ ڈیپارٹمنٹ نے جتنی فائلز تقسیم کی ہیں، اسکے اندر وہ نہیں لگائے ہیں، میری فائل کے اندر اشتہارات موجود ہیں۔ اگر اتنی سی بات پر آپ انکوائری کمیٹی بنانا چاہتے ہیں تو اشتہار تو میں آپکو دکھاؤنگا، میری اس فائل کے اندر موجود ہیں لیکن اگر آپ اس سے Further اشتہارات کے علاوہ بھی مطمئن نہیں ہیں تو میرا خیال ہے، ڈیپارٹمنٹل انکوائری ہوئی، ڈیپارٹمنٹل پہ آپ نہیں مطمئن، جس پہ مفتی صاحب مطمئن ہوں، وہی کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: سر، بس منسٹر صاحب وائی، زه مطمئن یم۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جناب، شکریہ، تھینک یو۔ محترمہ عظمیٰ خان، پلیز کوسچن نمبر 770۔

* 770 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مفتی محمود فلائی اوور پشاور کی تعمیر کیلئے شاہی باغ کے قریب سرکاری فلیٹس کو مسمار کیا گیا تھا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو فلیٹس خالی کراتے وقت سابق وزیر بلدیات بشیر احمد بلور (مرحوم) نے متبادل رہائش گاہیں دینے کا وعدہ کیا تھا اور ایک تحریری معاہدہ بھی کیا گیا تھا، رہائش پذیر اہلکاروں کے نام بمعہ عہدہ فراہم کی جائے، نیز معاہدے کی کاپی بھی فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات ودیہی ترقی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ شاہی باغ سے متصل چارسدہ روڈ پر 11 عدد سرکاری فلیٹس مفتی محمود فلائی اوور کی تعمیر کیلئے مسمار کیئے گئے تھے۔

(ب) جب ان فلیٹس کو خالی کرایا جارہا تھا تو اس وقت کے سابق صوبائی وزیر بلدیات بشیر احمد بلور (مرحوم) نے ان متاثرین سے زبانی طور پر وعدہ کیا تھا کہ حکومت ان متاثرین کیلئے متبادل رہائش گاہیں تعمیر کرے گی اور فیصلہ ہوا تھا کہ رہائش گاہوں کی تعمیر کیلئے زمین کی فراہمی / نشاندہی میونسپل کارپوریشن پشاور کی ذمہ داری ہوگی جبکہ تعمیراتی لاگت پی ڈی اے برداشت کرے گی۔ اس بابت سرکاری اراضی واقع

گلبہار کالونی پشاور کی نشاندہی میونسپل کارپوریشن پشاور نے کر دی ہے اور تعمیراتی لاگت کا تخمینہ لگانے کے بعد پی ڈی اے کو رقم کی فراہمی کیلئے چٹھی لکھی جاچکی ہے نیز رہائش پذیر اہلکاروں کی فہرست درج ذیل ہے:

S. No.	Flat No	Name of leaser	Designation
01	1	Abdul Samad	Mechanical Supervisor
02	2	Muhammad Hussain	Mali Town-1
03	3	Zeeshan Tasleem	Naib Qasid
04	4	Abdul Haleem Sabir	TubWell operator town-1
05	5	Ejaz Ahmad	Peon Twon-1
06	6	Jehanzeb	Teacher Wazir Bagh
07	7	Muhammad Khaild	Cleaner
08	8	Hayat Khan	Driver CDGP
09	9	Shebaz Khan	Tubwell opertar town-1
10	10	Muhammad Arshad	Helper CDGP
11	11	Javed Akhtar	Naib Qasid Town-1

محترمہ عظمیٰ خان: شکریہ جناب سپیکر۔ محترم جناب سپیکر، پچھلے سیشن میں اسی ایشو پر میں نے کال اٹینشن جمع کرایا تھا اور جو منسٹر صاحب نے جواب دیا تھا، وہ Totally جو بھی Answer آیا ہے، اس سے Different ہے۔ منسٹر صاحب نے مجھے Answer دیا تھا کہ یہ ایک سرکاری کالونی تھی اور کنسٹرکشن کیلئے ہم کسی بھی وقت کوئی بھی کالونی Demolish کر سکتے ہیں، سو ہم نے Demolish کی۔ ہم نے کسی سے کوئی، بلکہ منسٹر صاحب تو ان دنوں میں نہیں تھے لیکن ایکس منسٹر نے کسی سے کوئی وعدہ نہیں کیا کہ وہ متبادل رہائشگاہیں دیں گے لیکن آج یہ کوسچن میں ایڈمٹ کر رہے ہیں کہ ان دنوں میں جب یہ کالونی مسمار کی جارہی تھی تو بشیر بلور صاحب نے ان سے معاہدہ کیا تھا، Orally تھا لیکن معاہدہ کیا تھا کہ ہم آپ کو متبادل رہائش گاہیں دیں گے اور ڈیٹیل بھی مجھے دے دی کہ اس کیلئے کیا کیا پراسیس ہو چکا ہے، تو جناب سپیکر، دونوں Answers میں Similarity ہونی چاہیئے، اگر یہ ڈیٹیل آج کوسچن میں آرہی ہے تو یہ کال اٹینشن میں اگر منسٹر صاحب کو دے دی جاتی تو مجھے کوسچن موو کرنے کی ضرورت نہ پڑتی۔ سپیکر صاحب، میرے دو کوسچنز ہیں اس میں، 2011 کا کیس ہے، تب سے یہ کالونی Demolish کی گئی ہے جناب سپیکر اور 2011 سے لیکر اب 2014 تک اس میں صرف ایک لیٹر ہوا ہے پی ڈی اے کو، اس کے فنانس کا اندازہ لگانے کیلئے صرف ایک چٹھی لکھی جاچکی ہے۔ جناب سپیکر، نیچے اگر آپ لسٹ دیکھیں گیارہ جو فلیٹس انہوں نے Demolish کئے ہیں، اس میں صرف بہت Low scale کے لوگ رہائش پذیر

تھے جو زیادہ تر مالی، نائب قاصد اور Cleaners ہیں۔ جناب سپیکر، ان سے وعدہ کیا گیا، انہوں نے اسی Agreement کے تحت رہائش گاہیں خالی کر کے عارضی رہائش گاہوں میں گئے ہیں اور آج تک اسی امید پر بیٹھے ہیں کہ ان کو کوئی متبادل رہائش گاہیں دی جائیں گی۔ میرا حکومت سے یہ سوال ہے کہ اور کتنا ٹائم لگے گا؟ چار سال تو لگ گئے۔ منسٹر صاحب یہ نہیں کہیں گے کہ وہ ابھی آئے ہیں اور وہ تو پچھلی حکومت نے کیا، میں ڈیپارٹمنٹ سے پوچھ رہی ہوں منسٹر سے نہیں، مجھے ڈیپارٹمنٹ کا Answer دے دیں، ڈیپارٹمنٹ نے چار سال میں کیا کیا جناب سپیکر؟

<u>وزیر بلدیات و دیہی ترقی</u>: جی میں Clarification کرنا چاہونگا کہ میں نے جو فلور آف دی ہاؤس پہ پہلے بات کی تھی، میں دوبارہ وہی کہنا چاہتا ہوں۔ میں نے اس وقت کہا تھا اور میرا اب بھی وہی مؤقف ہے، میں نے اس وقت کہا تھا اگر ان کو یاد ہو کہ میں نے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ سے چیک کیا اور انہوں نے مجھے بتا دیا کہ ہمارے فلیٹس تھے، سرکار کی ملکیت تھی، سرکار کو وہاں فلائی اوور بنانے کیلئے Demolish کرنا پڑے، تو کیا سرکار اس کا Bound ہے کہ وہ اپنی پراپرٹی پر لوگوں کیلئے Commitments کرے اور ان سے معاہدات کرے، یہ سلسلہ سرکار کنٹرول نہیں کر سکے گا۔ یہ میرا ایک اصولی مؤقف آیا تھا اور میں نے کہا تھا کہ اس کے حوالے سے کوئی Commitment نہیں ہوئی ہے۔ بشیر بلور کا نام، ذکر اس وقت میرے سامنے نہیں آیا تھا لیکن اس میں بھی نہیں کہا گیا ہے کہ ان کے ساتھ کوئی تحریری معاہدہ ڈیپارٹمنٹ نے کیا تھا، Basically یہ بشیر بلور صاحب کی ان متاثرین سے ملاقات میں انہوں نے یقین دہانی کرائی تھی، ان کی Verbal commitment تھی اور اس کے بعد یہ پراسیس ڈیپارٹمنٹ نے چلایا ہے، اب یہ کارپوریشن نے زمین Provide کی ہے اور پی ڈی اے اس پر کنسٹرکشن کرے اور جو فلیٹس تھے، وہ سی اینڈ ڈبلیو کے تھے، میں نے آج بھی سیکرٹری سے اس پر ڈسکشن کی اور میں اب بھی، سچی بات یہ ہے کہ میرا خیال ہے کہ پی ڈی اے کسی ضابطے کے تحت اس پر کنسٹرکشن کرے گی لیکن اس پر میرا خیال ہے کہ مناسب یہ رہے گا، وہ متاثرین بھی میرے پاس آئے ہیں، مناسب یہ رہے گا کہ میڈم اور متاثرین کے دو تین نمائندے اور میرے ڈیپارٹمنٹ کے لوگ بیٹھ کے اس مسئلے کا کوئی حل نکالیں، میں تو اب وہی کہتا ہوں کہ اگر ہم فلور آف دی ہاؤس پہ بھی یہ لاء لائیں گے، فلور آف دی ہاؤس پہ یہ کام ہم نے شروع کیا تو یہ سلسلہ تو نہیں روک سکیں گے ہم کیونکہ سرکار کی پورے صوبے کے اندر جاگیریں ہیں، سرکار کو کل سکول کی ضرورت پڑے گی اور وہ کسی کے ساتھ لیز پر ہو گی تو وہ لوگ کہیں گے کہ ہمیں کوئی دوسری زمین لیز پر

دی جائے۔ میں نے ایک اصولی بات کی تھی اور وہ اصولی بات میں پھر بھی دہرانا چاہتا ہوں، جو Specific مسئلہ ہے،اس کے حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس پر بیٹھتے ہیں،اس پر ڈسکس کرتے ہیں، اس کا کوئی مناسب Solution نکالتے ہیں لیکن ہم اس سرکاری پراپرٹی کے کسٹوڈین ہیں، اس صوبے کے کسٹوڈین ہیں، ہمیں یہ وہ دیا گیا ہے، ہم یہاں جو بات کریں، وہ درست کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم عظمیٰ خان، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: منور خان صاحب! کوئسچن سره Related دے ، Relevant خبره کوئ ؟ منور خان ، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ یقیناً جناب منسٹر صاحب نے بالکل صحیح تفصیل بیان کی ہے لیکن سر، یہ جیسے کہہ رہے ہیں کہ بلور صاحب نے، وہاں پر متاثرین تھے اور انہوں نے ان کے ساتھ یہ Commitment کی تھی کہ یہ فلیٹس آپ کو دیئے جائیں گے، اس طرح سر! اگر آج ہمارے وزیر اعلیٰ کہیں جا کے کوئی ایسے متاثرین ہوں اور وہاں پر کوئی سرکاری مکانات یا سرکاری زمینیں ہیں اور وہاں پر وہ اناؤنس کر لیں تو کیا جب دوسری گورنمنٹ آئے گی، پھر وہ کہے گی کہ نہیں ہم چیف منسٹر صاحب کی یہ بات نہیں مانتے؟ میری ریکویسٹ ہو گی کہ اگر واقعی اس قسم کے لوگ وہاں پہ متاثرین ہیں تو کم از کم ان کے ساتھ تو یہ دیکھیں کہ ان کے ساتھ Commitment بلور صاحب نے کی تھی، ایسے تو نہیں ہے کہ کسی کو ویسے ملی ہے، گورنمنٹ کی تو کافی پراپرٹی پڑی ہے، کسی نے Already قبضہ ایسا کیا ہے؟ تو میری ریکویسٹ ہو گی، یہ سی ایم صاحب بھی بیٹھے ہیں کہ اگر واقعی وہ متاثرین ہیں تو میرے خیال میں ان کا ازالہ ہونا چاہیئے۔ تھینک یو، سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم عظمیٰ خان، پلیز۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب، اس سے پہلے بھی لاہوری گیٹ کے قریب ایک کالونی Demolish کی گئی تھی جس میں 300 کے قریب گھر تھے اور بہت کم عرصے میں ان کیلئے 300 گھر بنا کے دیئے گئے ہیں رنگ روڈ پر تو جناب سپیکر، یہ گیارہ گھر کیوں نہیں بن سکتے اور منسٹر صاحب نے Patch up کا ایک اچھا حل ڈھونڈا ہے، اگر منسٹر صاحب اس کو Follow up کرتے ہیں اور ہم ان کے آفس کو بیٹھنے کیلئے Use کر

سکتے ہیں جناب سپیکر! تو میری درخواست ہوگی کہ وہ متاثرین کو بھی بلائیں بلکہ میں خود بھی آجاؤنگی، اس کا کوئی حل نکال لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہتر ہے، منسٹر موصوف صاحب بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ آپ اور متاثرین بیٹھ کر ان کا کوئی Sortout کریں۔ تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 771، محترمہ عظمیٰ خان۔

* 771 _ محترمہ عظمیٰ خان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت ہر سال تمام اراکین اسمبلی کو تعمیر خیبر پختونخوا کے نام سے ترقیاتی کاموں کیلئے فنڈ دیتی تھی اور اس سال 14-2013 میں حکومت نے اس پالیسی کو ختم کر کے اراکین کے فنڈز ضلعوں کو منتقل کر دیئے اور اب اراکین اپنے ضلعوں میں اپنی سکیمیں جمع کرائیں گے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈسٹرکٹ میں فنڈز کیلئے مجاز افسر کون ہوگا جس کے پاس سکیمیں جمع کی جائیں گی اور ایک ممبر کتنے روپوں کی سکیمیں جمع کرا سکے گا، نیز سکیموں کو ضروری ہونے یا غیر ضروری قرار دینے کیلئے کمیٹی عمل میں لائی جائے گی یا ہر جمع شدہ سکیم منظور تصور ہوگی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات و دیہی ترقی): (الف) موجودہ حکومت نے مالی سال 14-2013 میں District Development Initiative کے تحت ڈیڈک کے ذریعے سکیموں کی نشاندہی کیلئے صوبائی اسمبلی کے تمام حلقوں کیلئے فنڈز جاری کئے ہیں۔

(ب) ضلعی سطح پر ترقیاتی منصوبوں کی منظوری ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹی ڈیڈک دے گی۔ متعلقہ اضلاع سے منتخب تمام معزز ممبران اسمبلی اس کمیٹی کے ارکان ہیں۔

Ms. Uzma Khan.: Satisfied, Sir.

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ مفتی سید جانان، کوئسچن نمبر 772۔

* 772 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور شہر کی مختلف یونین کونسلوں میں صفائی کیلئے حکومت سے بھاری تنخواہیں وصول کرنے کے باوجود پشاور میں صفائی نہ ہونے کے برابر ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور میں صفائی پر مامور ملازمین کی تعداد، پوسٹ اور ماہانہ تنخواہ کی تفصیل یونین وائز فراہم کی جائے؟

وزیر بلدیات و دیہی ترقی: (الف) ہاں یہ درست ہے کہ پشاور شہر کی مختلف یونین کونسلوں میں صفائی کیلئے حکومت صفائی کے عملے کو تنخواہیں اور دوسرے مراعات فراہم کر رہی ہے لیکن جہاں تک شہر کی صفائی کا سوال ہے تو میونسپل کارپوریشن کی انتظامیہ اپنے محدود وسائل سے شہر کی صفائی اور گندگی کو اٹھانے اور ان کو ٹھکانے لگانے کیلئے ہر وقت مصروف عمل ہے اور شہر کی صفائی و ستھرائی اور گندگی اٹھانے اور ان کو ٹھکانے لگانے پر ماہانہ تقریباً 3817944 روپیہ تنخواہوں کی مد میں خرچ کر رہی ہے۔ خرچ کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

(ب) صفائی پر مامور ملازمین کی تعداد/پوسٹ اور ماہانہ تنخواہ کی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

Salaries of Zone- I

S.No	Name of post	BPS	Strength	Total salary in Rs.
1	Sweepers	1 & 2	778	
2	Bahishti	1 & 2	160	
3	Katha collie	1 & 2	249	
4	Durrabi	1 & 2	18	
5	Lorry Filler	1 & 2	29	
6	Drivers	4 & 5	47	
7	Sweepers (Fix pay)	1 & 2	10	
8	Katha collies (Fixed pay)	1 & 2	03	
	Total strength		1294	19458394/-

Zone- II

S.No	Name of posts	BPS	Strength	Total salary in Rs.
1	Katha collies	1 & 2	246	
2	Sweepers	1 & 2	238	
3	Beheshti	1 & 2	29	
4	Durrabi	1 & 2	2	
5	Lorry Filler	1	2	
6	Drivers	5	2	

7	Sweepers (Fix pay)	-	3	
8	Katha collies (Fixed pay)	-	1	
9	Muslims sweepers	-	1	
10	Muslims sweepers fixed	-	2	
	Total strength		526	8068194/-

S.No	Head of account	Total Expenditure per month Rs.
1	Total staff Sector-1 & 2	2,69,79,441/-
	Health staff Sector-1	26,00,000/-
2	POL Sector-1	31,00,000/-
	POL Sector-2	20,00,000/-
	Sub total	3,97,79,94/-
3	Repair Sector-1 & Sector-2	2,00,000/-
	Total	3,81,79,441/-

مفتی سید جانان: دا چې ما خومره پوړې لیدلې دی، زه هغې محکمې ته تحسین ورکوم، ډیر زبردست جواب ئے جی راکړے دے ما ته، زه مطمئن یم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ کوئسچن نمبر800، مفتی سید جانان، پلیز۔

* 800 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ دور حکومت میں کربوغہ شریف تحصیل ٹل میں ایک ٹیوب ویل کی منظوری ہوئی تھی جو کہ تاحال نامکمل ہے;

(ب)اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ سکیم کی تکمیل میں غفلت برتنے والے ٹھیکیدار کے خلاف تادیبی کارروائی کرنے کاارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): (الف) گزشتہ دور حکومت میں کربوغہ شریف تحصیل ٹل میں ایک عدد ٹیوب ویل بنایا گیا ہے۔

(ب) ٹیوب ویل مکمل ہے لیکن بجلی کنکشن کی عدم موجودگی کی وجہ سے ٹیوب ویل نہیں چلایا گیا۔ پیسکو کو سال 2012 میں بذریعہ چیک نمبر A03867/A386605 بمورخہ 08/05/2012 کو 609430/- روپے اور بذریعہ چیک نمبر A03867/A386604 بمورخہ 08/05/2012 کو 30020/- روپے کی ادائیگی کی گئی ہے لیکن تاحال بجلی نہ ہونے کی وجہ سے سکیم نہیں چلائی گئی، پیسکو ہنگو کو یاد دہانی کا خط لکھا گیا ہے۔ ڈسٹری بیوشن سسٹم مکمل نہیں ہے لیکن کوشش کی جارہی ہے کہ اس پر کام جلد از جلد مکمل کیا جاسکے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER PUBLIC HEALTH
ENGG: DIVISION HANGU

No. 01/03/ S-8 Dated Hangu the 29/08/2013.

To

The Executive Engineer,
PESCO, Hangu.

Subject: *<u>PENDING ELECTRIC CONNECTION</u>*

It is written for your kind information that the following schemes were completed during the year 2011-12, but still non operational due to non availability of power connection.

(i) WSS Jhandi Darsamand.
(II) WSS Karbogha Sharif.

Payment for electric connections has been made in May 2012. The political representatives are pressing hard to put the schemes in operation and in this regard, an honorable MPA has also raised an Assembly Question about the non functioning of the scheme i.e. WSS: Karbogha Sharif.

It is, therefore, requested that power connection may please be installed on these schemes as soon as possible to safe guard the public money.

Executive Engineer
Public Health ENGG: Division
Hangu.

<u>مفتی سید جانان</u>: دا جی ما شاء اللہ دا خو منسٹر صاحب، شاہ فرمان خان سره ده او هغه خو ډیر ښه منسټر دے۔ زه صرف د هغه نوټس کښې دا راوستل غواړم چې دا د 2009 او 2010 د اے ډی پی سکیم دے، تیر حکومت کښې په دې باندې ما خو

ځلي دغه وکړلو خو بدبختي دا ده چې اوسه پورې دا سکیم نشو چالو۔ سن 2008-09 یا د 10-09 اے ډی پی ده، 13-12-11-2010 دا پینځم کال ئے دے نو زما به صرف دا ګزارش وي چې دلته نه یو داسې ښکلے غونډې فرمان جاري کړي چې یو هفته یا لس ورځې یا اته ورځې، پیسې ئے لیږلی دی، د پیسو چیکونه شته دی، چې دا ټرانسفارمر ورته ولګوی چې دا سکیم د خلقو په فائده باندې راشي۔ بس دا ګزارش مې دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب شاہ فرمان صاحب، پلیز۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، جناب منور خان پلیز۔

